دینیات

(وقف)

یکے از مطبوعات اشاعت الثقلین

نام کتاب : دینیات
تعداد : ایکہزار
سنہ اشاعت : جون سنہ ۱۹۷۰ء
ترتیب و تدوین : مرزا محمد جعفر
ناشر : سلطان علی ابن نور محمد روجانی
مطبوعہ : باب الاسلام پرنٹنگ پریس کراچی

عرضِ ناشر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَ
خَاتَمَ النَّبِیِّیْنَ مُحَمَّدَ الْمُصْطَفٰی وَعَلٰی اٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ
الطَّاھِرِیْنَ الْمَعْصُوْمِیْنَ ۔

مقامِ صد شکر کہ یہ کتاب دینیات ہدیۂ ناظرین ہے اور جیسی کہ عرصہ دراز سے دلی خواہش تھی کہ پیغامِ حق بغیر قیمت پہنچایا جائے اس کتاب کی بھی کوئی قیمت نہیں ہے اور انشاء اللہ آئندہ بھی یہی ارادہ ہے۔

"وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ"

اس کتاب کے بعد دوسری کتاب جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سوانح حیات سے متعلق ہوگی اور وہ بھی ہم مومنینِ کرام

تک پہنچانے کی کوشش کریں گے۔

اِس کتاب کی ترتیب و تدوین جناب مولانا مرزا محمد جعفر صاحب نے کی ہے جن کی بعض کتابیں شیعی دنیا میں بڑی اہمیت کی حامل سمجھی جاتی ہیں موصوف کا صمیم قلب سے شکر گذار اور ممنون ہوں۔

اِس موقعہ پر لائق صد احترام جناب مولانا سید قاسم علی صاحب (میاں بابو) کا شکریہ تہہ دل سے ادا کرتا ہوں کہ انھوں نے مجھے اپنے زرّین مشوروں سے نوازا اور اس کتاب میں اہم چیزوں کو شامل کرنا مناسب جانا۔

ان تمام حضرات کا بیحد ممنون و متشکر ہوں جنھوں نے اپنی ہمدردی اور تعاون سے کتاب کی تکمیل میں اپنے قول و عمل سے میرا ساتھ دیا۔

خدا سے دعا ہے کہ وہ ہمت و توفیق کرامت فرمائے اور یہ سلسلہ ہمیشہ آگے بڑھتا رہے۔ اور ہر ماہ ایک نئی مفید کتاب ہم آپ حضرات کی خدمت میں پیش کرتے رہیں۔ بس اسی سے دعا ہے اور اسی کی مدد درکار ہے کہ وہ صدقے میں چہاردہ معصومین علیہم السلام کے ہم سب کو کامیاب فرمائے۔

والسلام:۔

سلطان علی ابنِ نور محمد دوجانی

فون: 229881 سائیں الایا اسٹریٹ جونا مارکیٹ۔ کراچی

"کلمہ"

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہِ
عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہِ وَوَصِیُّ رَسُولُ اللّٰہِ
وَخَلِیفَتُہٗ بِلَا فَصْلٌ

"کلمہ کے معنیٰ"

(۱) لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ = کوئی خدا نہیں ہے سوا اللہ کے
(۲) مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہِ = محمدؐ اللہ کے رسول ہیں
(۳) عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہِ = علیؑ اللہ کے ولی ہیں
(۴) وَوَصِیُّ رَسُولُ اللّٰہِ = اور علیؑ رسول اللہ کے وصی (جانشین) ہیں
(۵) وَخَلِیفَتُہٗ بِلَا فصل = (اور علیؑ رسول اللہ کے) خلیفہ بلا فصل ہیں۔

ہر کلمہ گو مسلمان کہلاتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اس کلمہ کا دل سے اقرار کریں۔

کلمہ میں پانچ باتوں کا اقرار ہے

(۱) اللہ ایک ہے۔

(۲) محمدؐ اللہ کے رسول ہیں۔

(۳) علیؑ اللہ کے ولی ہیں۔

(۴) علیؑ رسول اللہ کے وصی ہیں۔

(۵) علیؑ رسول اللہ کے خلیفۂ بلا فصل ہیں۔

"اصولِ دین"

اصولِ دین:۔ یعنی دین کی جڑیں، یعنی دین کے بہت خاص اور اہم اصول۔ اور وہ مرکزی اصول پانچ ہیں:۔

۱۔ توحید ________ !

۲۔ عدل ________ !

۳۔ نبوت ________ !

۴۔ امامت ________ !

۵- قیامت یعنی معاد ________________ !

توحید :-

یعنی خدا ایک ہے - اس کا کوئی شریک نہیں - وہی کائنات کا خالق اور مالک ہے -

عدل :-

یعنی خدا عادل - انصاف کرنے والا ہے - ظالم نہیں ہے، ظلم بری چیز ہے - اور خدا ہر برائی سے پاک ہے - جو جیسا کرے گا اسے عدل و انصاف کی رو سے ویسا بدلہ دیا جائے گا -

نبوت :-

یعنی ہمارے نبی محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خدا نے ہدایت کے لئے سب کے آخر میں بھیجا اور ان پر قرآن نازل کیا - وہ آخری نبی ہیں - ان سے پہلے خدا نے ہدایت کے واسطے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے تھے - جن میں سب سے پہلے آدم علیہ السلام تھے - اللہ کے تمام نبی معصوم تھے -

امامت :-

یعنی محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو آخری نبی ہیں خدا کے حکم سے اپنے بارہ جانشین مقرر فرمائے - جو سب معصوم ہیں

اور خدا کا حکم پہنچانے والے اور رسول کا حکم پہنچانے والے اور خدا و رسول کے فرمان کے محافظ ہیں۔ لہذا ان سب کا حکم ماننا ہم پر واجب ہے۔ ہمارے بارھویں امام حضرت محمد مہدی صاحب الزماں علیہ السلام ہیں جو خدا کے حکم سے غائب ہیں۔ جس وقت خدا کا حکم ہوگا اس وقت ظہور فرمائیں گے۔ اس وقت وہ دنیا کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے۔ اس وقت سب لوگ ایک دین پر ہو جائیں گے۔

اِمام بارہ ہیں

۱- پہلے امام	حضرتِ علی	علیہ السلام
۲- دوسرے امام	حضرتِ حسن	علیہ السلام
۳- تیسرے امام	حضرتِ حسین	علیہ السلام
۴- چوتھے امام	حضرت زین العابدین	علیہ السلام
۵- پانچویں امام	حضرت محمد باقر	علیہ السلام
۶- چھٹے امام	حضرت جعفر صادق	علیہ السلام
۷- ساتویں امام	حضرت موسیٰ کاظم	علیہ السلام
۸- آٹھویں امام	حضرت علی رضا	علیہ السلام
۹- نویں امام	حضرت محمد تقی	علیہ السلام

۱۰- دسویں امام	حضرت علی النقی	علیہ السلام
۱۱- گیارہویں امام	حضرت حسن عسکری	علیہ السلام
۱۲- بارہویں امام	حضرت محمد مہدی آخر الزماں علیہ السلام	

چہاردہ معصوم

یہ بارہ امام اور حضرت محمد مصطفےٰؐ اور جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام چودہ معصوم ہیں۔ یعنی اللہ نے ان سب کو عصمت و طہارت سے سرفراز فرمایا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

(اے اللہ اپنے رسول محمدؐ اور ان کی اولادِ طاہرہ پر درود بھیج)

قیامت (معاد)

یعنی قیامت کا دن برحق ہے کہ جب ہر شے فنا ہو جائیگی سوائے خدا کے کچھ باقی نہ رہے گا۔ نہ آسمان نہ زمین نہ سورج نہ چاند نہ ستارے نہ سمندر ہر شے فنا ہو جائے گی۔

ہم سب کو مرنے کے بعد خدا پھر زندہ کرے گا اور حساب لے گا۔ اور جن لوگوں نے نیکیاں کی ہیں انھیں جنت میں اور گنہگاروں کو دوزخ میں بھیج دے گا۔

"فروعِ دین"

"فروع دین" یعنی دین کی شاخیں:-

۱- نماز ________ !
۲- روزہ ________ !
۳- حج ________ !
۴- زکوٰۃ ________ !
۵- خمس ________ !
۶- جہاد ________ !
۷- امر بالمعروف ________ !
۸- نہی عن المنکر ________ !
۹- تولاّ ________ !
۱۰- تبرّا ________ !

نماز:- ہر مسلمان مرد اور عورت پر جب کہ وہ بالغ و عاقل ہو

پانچ وقت کی نمازیں واجب ہیں، ان کے علاوہ بھی کچھ نمازیں ہیں جو اپنے محل پر لکھی جائیں گی۔ یہ روزانہ کی نمازیں ہیں جو ہر لڑکی پر جب کہ وہ نو سال کی ہو جائے اور ہر لڑکے پر جب کہ وہ پندرہ سال کا ہو جائے، واجب ہے۔

روزانہ کی پانچ نمازیں حسب ذیل ہیں:-

صبح یعنی فجر کی ———— ۲ رکعات

ظہر کی ———— چار رکعات

عصر کی ———— چار رکعات

مغرب کی ———— تین رکعات

عشار کی ———— چار رکعات

۲- روزہ :- یعنی رمضان کے مہینہ بھر، ہر مسلمان بالغ و عاقل و تندرست و مقیم پر روزے واجب ہیں۔

۳- حج :- یعنی ہر مسلمان، بالغ و عاقل مستطیع پر زندگی میں ایک بار حج کرنا واجب ہے۔

۴- زکوٰۃ :- یعنی ہر صاحب نصاب پر اپنے مال میں سے زکوٰۃ نکالنا واجب ہے۔ مثلاً کسی شخص کے پاس چالیس روپے سال بھر تک رہیں تو ان میں سے چالیسواں حصہ یعنی ایک روپیہ نکالنا واجب ہے،

زکوٰۃ مختلف آٹھ اور چیزوں پر بھی واجب ہے جس کا نصاب الگ ہے۔ ضرورت مند مستحق غریب مومنین زکوٰۃ کے حقدار ہیں۔

۵۔ خمس:۔ یعنی اپنی کمائی میں سے جو سال بھر خرچ کرنے کے بعد جو باقی بچے اس میں سے پانچواں حصہ نکالنا واجب ہے۔ خمس دو سری اور چند چیزوں پر واجب ہوتا ہے۔ جس کی تفصیل آئندہ آئے گی۔

خمس میں سے آدھا حق مستحق سادات کا ہے اور آدھا امام کا غیبتِ امام میں۔ حق امام حاکم شرع یعنی مجتہد جامع الشرائط کو ملنا چاہیئے۔

۶۔ جہاد:۔ یعنی حکمِ نبی یا حکمِ امام سے راہِ خدا میں جنگ کرنا۔

۷۔ امر بالمعروف:۔ یعنی احکامِ خدا و رسول کو لوگوں تک پہنچانا اور ان کو اس پر عمل کرنے کی ترغیب دینا۔

۸۔ نہی عن المنکر:۔ یعنی جن باتوں کی خدا و رسول نے ممانعت فرمائی ہے ان باتوں سے لوگوں کو روکنا۔

۹۔ تولّا:۔ یعنی محمّد و آلِ محمد علیہم السلام سے محبت کرنا اور ان کی اطاعت کرنا جس کا حکم قرآن میں دیا گیا ہے۔

۱۰۔ تبرّا:۔ یعنی محمّد و آلِ محمد علیہم السلام کے دشمنوں سے بیزاری

رکھنا۔

صفاتِ ثبوتیہ

صفاتِ ثبوتیہ :۔ یعنی جو صفتیں خدا کی ذات کے لایق ہیں ہر انسان پر واجب ہے کہ وہ خدائے واحد کی معرفت حاصل کرے اور اس کی صفتوں پر غور کرے۔ کیونکہ اس کی ہر صفت عینِ ذات ہے۔

صفاتِ ثبوتیہ آٹھ ہیں :۔

۱۔ قدیم ______________ !
۲۔ قادر ______________ !
۳۔ عالم ______________ !
۴۔ حیٔ ______________ !
۵۔ مدرک ______________ !
۶۔ مرید ______________ !
۷۔ متکلم ______________ !
۸۔ صادق ______________ !

(۱) قدیم :۔ یعنی ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔

۲۔ قادر:۔ یعنی ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

۳۔ عالم:۔ یعنی ہر چیز کا جاننے والا ہے۔

۴۔ حی:۔ یعنی زندہ ہے اور ہمیشہ زندہ رہے گا۔

۵۔ مدرک:۔ یعنی ہر چیز کے ظاہر و باطن کو بغیر آنکھ، ناک، کان، وغیرہ کے ادراک کرنے والا ہے۔

۶۔ مرید:۔ یعنی ہر کام اپنے ارادہ و اختیار سے کرتا ہے۔

۷۔ متکلم:۔ یعنی جب چیزیں چاہتا ہے کلام پیدا کرتا ہے۔

۸۔ صادق:۔ یعنی وہ ہر بات میں سچا ہے۔

"صفات سلبیہ"

صفات سلبیہ:۔ یعنی جو باتیں اللہ میں نہیں پائی جاتی ہیں۔

صفات سلبیہ آٹھ ہیں:۔

۱۔ مرکب ____________ !

۲۔ جسم ____________ !

۳۔ مکان ____________ !

۴۔ حلول ____________ !

۵۔ محل حوادث ____________ !

۶۔ مرئی ________________ !

۷۔ شرکت ________________ !

۸۔ صفت زائد ________________ !

"مسلمان"

جو شخص لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ کا زبان سے اقرار کرے اور قیامت کو دل سے مانے، یعنی توحید و نبوت و معاد کو تسلیم کرتا ہو وہ مسلمان ہے۔

اور جو مسلمان خدا کو عادل واحد اور بارہ[۱۲] اماموں کو اپنا پیشوا، ہادی اور رسول اللہ کا سچا جانشین اور معصوم و طاہر تسلیم کرے اسے شیعہ اثنا عشری کہتے ہیں۔ اور اسی کو مومن بھی کہتے ہیں یعنی توحید و عدل و نبوت و امامت و معاد کا اقرار کرنے والا۔

"چہاردہ معصوم"

جن کی محبت و اطاعت ہم پر واجب ہے۔ اور جن کی محبت و اطاعت کا حکم قرآن مجید میں اللہ نے دیا ہے اور جو ہر برائی اور ہر نجاست سے پاک ہیں اور معصوم ہیں۔ وہ رسول اللہ

محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور ان کی بیٹی جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام ہیں۔ اور بارہ امام ہیں جن میں پہلے علی علیہ السلام ہیں اور آخری حضرت محمد مہدی آخر الزماں علیہ السلام ہیں۔ جو حکم خدا سے غیبت میں ہیں جب حکم خدا ہوگا ظہور فرمائیں گے۔

"شرائطِ وضو"

وضو میں چند شرطیں واجب ہیں۔ ان میں سے خاص یہ ہیں:۔

۱۔ نیت!

۲۔ ترتیب:۔ یعنی پہلے منہ دھونا پھر داہنا ہاتھ کہنیوں تک پھر اسی طرح بایاں ہاتھ، پھر سر کا مسح، پھر داہنے پاؤں کا، پھر بائیں پاؤں کا مسح کرنا۔

۳۔ موالات:۔ یعنی یکے بعد دیگرے بغیر رکے ہوئے پورا وضو کرنا۔

۴۔ خود اپنے ہاتھ سے وضو کرنا لیکن اگر کوئی عذر ہو تو دوسرے سے بھی مدد لی جا سکتی ہے۔

۵۔ پانی کا خالص اور مباح ہونا۔ کیونکہ آبِ مضاف اور آبِ غصبی سے

وضو درست نہیں ہے۔ اسی طرح اگر پانی پاک نہ ہو تب بھی وضو درست نہیں ہے۔ وضو کے پانی کے لئے یہ تین شرطیں ضروری ہیں:-

۱- پانی پاک ہو۔

۲- پانی میں کسی رنگ یا بُو یا مزے کی ملاوٹ نہ ہو۔

۳- پانی غصبی نہ ہو۔

(۶) وضو کا پانی مُشتبہ بہ نجس یا مشتبہ بہ غصبی بھی نہ ہونا چاہیئے۔ نجس کے ساتھ مشتبہ کی مثال یہ ہے کہ مثلاً دو برتن ہوں جن میں سے ایک میں پانی پاک اور ایک میں نجس ہے مگر یقین کے ساتھ معلوم نہیں کہ کس برتن میں پاک پانی ہے اور کس برتن میں نجس، تو ایسی صورت میں کسی پانی سے بھی وضو درست نہیں۔ جب تک کہ علم نہ ہو جائے اسی طرح آبِ غصبی سے مشتبہ کی مثال بھی سمجھنا چاہیئے۔

(۷) غسالۂ استنجا نہ ہو۔ یعنی وہ پانی پیشاب یا پاخانے کا دھوون نہ ہو۔

(۸) وضو سے خوف ضرر نہ ہو۔ اگر خوف ضرر ہو تو تیمم کرنا چاہیئے۔

(۹) وضو کرنے کی جگہ مباح ہو یعنی غصبی نہ ہو۔

(۱۰) اسی طرح وضو کرنے کا برتن بھی مباح ہونا چاہیئے۔

اور اسی طرح سونے یا چاندی کے برتن سے وضو کرنا بھی صحیح نہیں ہے۔

(۱۱) تمام منہ دھونے اور ہاتھوں کے دھونے میں اوپر سے نیچے کی طرف دھوئے۔ اور مسح کرنے کے لئے الگ سے پانی نہ لے اگر ہاتھ خشک ہو جائے تو اعضائے وضو سے انگلیوں کو گیلا کر کے مسح کرنا چاہیئے۔

(۱۲) اعضاء وضو میں پانی کے پہنچانے میں کوئی چیز مانع نہ ہو۔ مثل چکنائی۔ رنگ اور انگوٹھی وغیرہ کے اسی طرح مسح کرنے کی جگہ پر بھی کوئی چیز مانع نہ ہونا چاہیئے۔

"نواقضِ وضو"

"نواقضِ وضو" یعنی وضو کو توڑنے والی چیزیں۔

۱۔ پیشاب ——————— !

۲۔ پائخانہ ——————— !

۳۔ ریح (ہوا کا خارج ہونا) ——— !

۴۔ منی ——————— !

۵۔ حیض ——————— !

۶- استحاضہ : ________________ !

۷- نفاس : ________________ !

۸- سوجانا : ________________ !

۹- بیہوش ہوجانا: ________________ !

۱۰- دیوانہ ہوجانا: ________________ !

۱۱- مسِ میّت (یعنی میت کو چھونا): ________________ !

۱- اگر وضو میں شک ہو اور حدث کا یقین ہو تو وضو باطل ہے۔

۲- اگر وضو کا بھی یقین ہو اور حدث کا بھی یقین ہو مگر یہ شک ہو کر حدث پہلے صادر ہوا یا وضو پہلے کیا، تو وضو باطل ہے۔

"غسلِ واجب"

واجب غسل چھ ہیں:-

۱- غسلِ جنابت : ________________

۲- غسلِ مسِ میّت : ________________

۳- غسلِ میّت : ________________

۴- غسلِ حیض : ________________

۵- غسلِ استحاضہ : ______________

۶- غسلِ نفاس : ______________

نوٹ:۔ "عورتوں پر چھ غسل واجب ہیں۔ مگر مردوں کے لئے صرف غسل جنابت، غسلِ مسِ میت اور غسلِ میت ہے"۔

غسل کرنے کے دو طریقے ہیں اور ہر غسل میں نیت واجب ہے۔

پہلا طریقہ:۔ "غسل ارتماسی"

بدن سے نجاست دور کرنے کے بعد دریا میں یا کسی ایسے حوض وغیرہ میں جس میں "کر" یا اس سے زائد پانی ہو اس طرح غوطہ لگائے کہ سر کے بالوں کے اُوپر تک پانی آجائے پانی میں غوطہ مارتے وقت نیت کرلے۔ مثلاً اگر کوئی عورت غسلِ حیض کررہی ہے تو وہ غسل حیض کی نیت کرلے۔

اگر کوئی مرد یا عورت مثلاً غسلِ جنابت کررہا ہے یا کررہی ہے تو وہ غسلِ جنابت کی نیت کرلے۔ مثلاً میں غسل جنابت کرتا ہوں واجب قربۃً اِلی اللہ اور نیت کے ساتھ ہی فوراً غوطہ لگا لے۔

غسل کا دوسرا طریقہ:۔

"غسلِ ترتیبی"

غسلِ ترتیبی:۔ پہلے بدن سے نجاست کو دور کر دے پھر نیت کرے۔ مثلاً غسلِ جنابت کرتا ہوں یا کرتی ہوں واجب قربۃ الی اللہ۔ اس کے ساتھ ہی سر اور گردن کو اس طرح دھوئے کہ تمام سر، منھ، گردن اور بالوں کی جڑ تک پانی پہنچ جائے۔

اس کے بعد داہنی طرف گردن سے پاؤں کی انگلیوں تک آدھا بدن اس طرح دھوئے کہ پانی آدھے حصۂ جسم میں برابر پہنچ جائے۔ اسی طرح بائیں طرف بھی آدھے حصۂ جسم تک پانی پہنچائے۔

اگر ہاتھ یا پاؤں میں انگوٹھی یا چھلا یا کوئی اور ایسی چیز ہو جس سے پانی پہنچنے میں رکاوٹ ہو تو اسے اُتار ڈالے۔

نوٹ:۔ غسلِ جنابت کے بعد نماز کے لئے وضو ضروری نہیں ہوتا۔ لیکن بقیہ ہر غسل کے بعد اگر نماز پڑھنا ہو تو وضو بھی ضروری ہوتا ہے۔

اگر پانی نقصان کرتا ہو یا نہ ملتا ہو یا غصبی ہو یا نماز کا وقت

تنگ ہو یا بیمار ہو جانے کا خوف ہو تو غسل یا وضو کے بدلے تیمم کرنا چاہیئے۔ غسل یا وضو نہ کرنا چاہیئے۔

اگر کسی پر دو غسل واجب ہوں۔ مثلاً غسلِ جنابت بھی اور غسل حیض بھی تو صرف غسل جنابت کی نیت کرنا چاہیئے۔ اور یہی غسل کافی ہوگا۔ دو مرتبہ غسل کرنے کی ضرورت نہیں۔

"تیمم اِن چیزوں پر ہو سکتا ہے"

۱۔ خاک : ______

۲۔ زمین : ______

۳۔ ریت : ______

۴۔ پتھر : ______

۵۔ غبار والی چیز (مثلاً کسی ایسے کپڑے یا تکیئے وغیرہ پر بھی جس پر غبار موجود ہو)

"مقدمات نماز"

مقدمات نماز :- یعنی جو باتیں نماز پڑھنے سے پہلے کرنا واجب ہیں :-

۱- ازالۂ نجاست :- یعنی اپنے جسم اور اپنے کپڑوں سے نجاست کا دُور کرنا - سر سے پاؤں تک پورے بدن اور لباس کا پاک ہونا - حتیٰ کہ سجدہ کرنے کی جگہ تک کا پاک ہونا -

۲- طہارت :- یعنی نماز سے قبل وضو، غسل، تیمم وغیرہ جس کی بھی ضرورت ہو -

۳- ستر عورتیں :- یعنی نماز پڑھتے وقت مرد کے لئے آگے پیچھے کا چھپانا واجب ہے اور عورتوں کے لئے تمام بدن کا چھپانا واجب ہے - سوا چہرے اور ہاتھ پاؤں کے تلوؤں اور ہتھیلیوں کے -

۴- وقت :- یعنی ہر نماز کو اس کے وقت کے ساتھ ادا کرنا - یعنی جو نماز پڑھنا ہو اس نماز کا وقت ہونا چاہیے -

۵- قبلہ:- یعنی قبلہ کی طرف رُخ کر کے نماز ادا کرنا۔
۶- مباح:- یعنی نماز پڑھنے کی جگہ کا مباح ہونا۔ کیونکہ چھینی ہوئی یا زبردستی قبضہ کی ہوئی یا غصبی جگہ پر نماز درست نہیں ہے۔

"واجباتِ نماز"

واجباتِ نماز حسبِ ذیل ہیں:-

۱- قیام۔ یعنی کھڑا ہونا۔
۲- نیت۔ یعنی جس وقت کی نماز پڑھے اس کی نیت کرنا۔
۳- تکبیرۃ الاحرام:- یعنی نیت کے بعد اللّٰہُ اکبر کہنا۔
۴- سورہ حمد اور کوئی دوسرا سورہ پڑھنا۔
۵- رکوع:- یعنی رکوع کرنا۔
۶- سجود۔ یعنی سجدہ کرنا۔
۷- ذِکر۔ یعنی نماز میں رکوع میں اور سجدے میں ذکر کرنا۔
۸- ترتیب:- یعنی نماز کے قاعدے کے مطابق صحیح ترتیب

۹- موالات :- یعنی نماز میں ایک رکن کے بعد دوسرے رکن کو
مسلسل ادا کرنا۔

۱۰- تشہد :- یعنی دو رکعت کے بعد بیٹھ کر شہادتین اور درود
پڑھنا۔

۱۱- سلام :- یعنی نماز تمام کرتے وقت سلام پڑھنا۔

۱۲- طمانیت :- رکوع سے سر اٹھانے کے بعد اور دونوں
سجدوں کے درمیان ذرا سا ٹھہرنا۔

"واجب رکنی"

واجب رکنی اس کو کہتے ہیں جس کے عمداً یا سہواً چھوٹ
جانے سے نماز باطل ہو جاتی ہے اور وہ حسب ذیل ہیں:-

۱- قیام :- درحالت تکبیرۃ الاحرام = یعنی "اللہ اکبر"
(تکبیرۃ الاحرام) کہتے وقت کھڑا رہنا۔

۲- تکبیرۃ الاحرام :- یعنی نیت کے بعد اللہ اکبر کہنا۔

۳- قیام متصل بہ رکوع :- یعنی رکوع میں جانے کے ~~بعد سیدھا کھڑا ہونا~~
~~اللہ اکبر کہنے سے قبل~~

۴- رکوع :-

۵- سجدتین :- یعنی دونوں سجدے۔

قرات کے بعد رکوع میں جانے کیلئے تکبیر کہنے سے قبل
معمولی سا سکوت کرنا

اِن پانچوں واجبات کو واجبات رکنی کہتے ہیں کہ ان میں سے کوئی رکن بھی اگر بھولے سے یا جان بوجھ کر چھوٹ جائے تو نماز باطل ہوجاتی ہے۔

"واجب غیر رکنی"

واجب غیر رکنی نماز کے اُن واجبات کو کہتے ہیں کہ جن کے عمداً یعنی جان بوجھ کر چھوڑ دینے سے نماز باطل ہوجاتی ہے لیکن اگر سہواً یعنی بھولے سے چھوٹ جائے تو اس کا تدارک ممکن ہے۔ مثلاً تشہد پڑھنا اگر کوئی شخص بھول جائے اور اثنائے نماز میں یاد آجائے کہ تشہد نہیں پڑھا تو نماز ختم کرنے کے بعد تشہد پڑھے اور سجدۂ سہو بجالائے۔ اس تدارک سے اس کی نماز درست ہوگی۔

واجباتِ نماز میں جو واجب رکنی بیان ہوئے۔ ان کے علاوہ سب واجب غیر رکنی ہیں۔

اوقاتِ نماز

ہر روز پانچ وقت کی نماز واجب ہے۔

صبح کی دو رکعت۔ ظہر کی چار رکعت، عصر کی چار رکعت، مغرب کی تین رکعت، عشاء کی چار رکعت، ان نمازوں کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ نماز پڑھنے کے قبل ہر طرح کی نجاست سے بدن اور کپڑوں کا پاک ہونا اور وضو یا غسل یا ضرورت پر تیمم کر لینا ضروری ہے۔

"وضو کی ترکیب"

پاک پانی سے پہلے دونوں ہاتھوں کو گٹے تک دو مرتبہ دھوئے۔ پھر تین مرتبہ کلی کرے۔ پھر تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالے پھر وضو کی نیت اس طرح کرے کہ "وضو کرتا ہوں میں واسطے دور ہونے حدث اور مباح ہونے نماز کے واجب قربۃ الی اللہ" پس نیت کے ساتھ ہی ایک چلو پانی منھ پر ڈالے۔ اس طرح کہ

ابتدائی پیشانی سے ٹھڈی کے نیچے تک اور چوڑائی میں دونوں کانوں کی جڑ کے قریب تک دھوئیے۔ اس کے بعد داہنے ہاتھ کی کہنی کے کچھ اوپر سے انگلیوں کے سرے تک دھوئیے۔ اس کے بعد بائیں ہاتھ کو بھی اسی طرح دھوئیے۔ پھر سر کا مسح کرے یعنی ہاتھ کی انگلیاں تالو سے بالوں کی انتہا تک کھینچیے اس کے بعد داہنے ہاتھ سے داہنے پاؤں کا اور بائیں ہاتھ سے بائیں پاؤں کا یعنی دونوں پاؤں کی انگلیوں سے گٹے تک مسح کرے۔

تیمم

اگر پانی ضرر کرتا ہو، یا نہ ملتا ہو، یا غصبی ہو اور وقت نماز کا تنگ ہو تو غسل یا وضو کے بدلے تیمم کرنا چاہیئے۔

پہلے نیت کرے کہ تیمم کرتا ہوں بدلے غسل یا وضو کے واسطے مباح ہونے نماز کے واجب قربۃً الی اللہ اس کے بعد فوراً دونوں ہاتھوں کو ایک مرتبہ خاک پر مارے۔ بعد اس کے ہاتھوں کو ملا کر پیشانی کے اوپر سے ناک تک کھینچے۔ اس کے بعد بائیں ہتھیلی سے داہنے ہاتھ کی پشت پر اور اسی طرح داہنی ہتھیلی سے بائیں ہاتھ کی پشت پر گٹے سے انگلیوں

سر ے تک مسح کرے۔ مٹی پاک ہو کوئی چیز اس میں ملی نہ ہو۔
اور ہاتھ سے انگوٹھی وغیرہ اتار ڈالے۔

"اذان"

وضو کے بعد جب نماز کا قصد کرے تو پہلے اس طرح
چار مرتبہ باواز بلند اَللّٰہُ اَکْبَرُ (خدا بزرگ ہے) کہے پھر
دو مرتبہ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ کہے پھر دو مرتبہ
کہے اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدً رَّسُوْلُ اللّٰہِ دو مرتبہ کہے۔
گواہی دیتا ہوں کہ بہ تحقیق محمد اللہ کے رسول ہیں۔
اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدً رَّسُوْلُ اللّٰہ دو مرتبہ کہے۔ اَشْهَدُ اَنَّ اَمِیْرَ
گواہی دیتا ہوں کہ بہ تحقیق محمد اللہ کے رسول ہیں گواہی دیتا ہوں کہ بہ تحقیق
الْمُؤْمِنِیْنَ وَ اِمَامَ الْمُتَّقِیْنَ عَلِیًّا وَلِیُّ اللّٰہِ وَصِیُّ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَخَلِیْفَتُہٗ
علی مومنین کے امیر اور متقیوں کے امام اللہ کے ولی ہیں پیغمبر خدا کے وصی اور خلیفہ
بلا فصل۔ پھر دو مرتبہ کہے۔ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ
بلا فاصلہ ہیں۔ نماز کے لئے آمادہ ہو
دو مرتبہ کہے۔ حَیَّ عَلَی الْفَلَاح دو مرتبہ کہے حَیَّ عَلٰی خَیْرِ الْعَمَلْ
فلاحیت کے لئے آمادہ ہو بہترین عمل کیلئے آمادہ ہو
پھر دو مرتبہ کہے اَللّٰہُ اَکْبَرُ اللہ بزرگ ہے۔ پھر دو مرتبہ کہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔

بعد اس کے بیٹھ جائے اور یہ دُعا پڑھے :-

"دُعا بعد اذان"

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ قَلْبِیْ بَارًّا وَّعَیْشِیْ قَارًّا وَّعَمَلِیْ

اے پالنے والے میرے قلب کو نیک اور میرے عیش کو برقرار اور عمل کو

سَارًّا وَّرِزْقِیْ دَآرًّا وَّاَوْلَادِیْ اَبْرَارًا وَّاجْعَلْ

جاری رکھ اور میرے رزق کو ہمیشگی اور میری اولاد کو نیکوکاری عطا فرما اور

لِّیْ عِنْدَ قَبْرِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

میرے لئے اپنے نبی حضرت محمد مصطفٰے کے نزدیک قبر عطا فرما اور ان پر اللہ

مُسْتَقَرًّا وَّقَرَارًا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

کی رحمت و درود ہو اور ان کی آل پر سلام۔ استقرار اور برقراری اپنی رحمت کے ساتھ عطا فرما۔ دعا پڑھنے کے بعد اس طرح اقامت کہے

اقامت

اَللّٰہُ اَکْبَرُ دو مرتبہ ۔ بعد اس کے سب ارکان اذان

کی طرح بجا لائے مگر بعد حَیَّ عَلٰی خَیْرِ الْعَمَلِ کے دو مرتبہ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ کو زیادہ کرے۔ اور لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ایک مرتبہ کہے بعد اس کے نماز شروع کرے۔

ترکیب نماز

اقامت کے بعد سیدھا کھڑا ہو۔ قبلہ کی طرف منھ کر کے اور اس طرح نیت کرے کہ "نماز پڑھتا ہوں میں (مثلاً) صبح کی دو رکعت واجب قربۃً الی اللہ" اس کے ساتھ ہی تکبیر کہے۔ یعنی اللہ اکبر بآوازِ بلند کہے۔ بعد اس کے حمد مع بسم اللہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

سب تعریف اللہ کے لئے جو تمام عالموں کا پالنے والا ہے۔ جو بڑا رحم کرنے والا ہے

مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝

قیامت کے دن کا مالک ہے۔ ہم تیری عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں

اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ

ہم کو راہِ مستقیم کی ہدایت کر ان لوگوں کی راہ پر جن پر اپنی رحمت

عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ہ

نازل فرمائی نہ ان لوگوں کی راہ پر جن پر تونے اپنا عذاب نازل کیا اور نہ گمراہوں کی۔

بعد الحمد کے جو دوسرا سورہ چاہے پڑھے اختیار ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن الرحیم ہے۔

اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ہ وَمَا اَدْرٰكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ

بہ تحقیق ہم نے قرآن شب قدر میں نازل کیا۔ اور تو نہیں جانتا کہ شب قدر کیسی ہے۔

لَيْلَةُ الْقَدْرِ ہ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ہ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ

شب قدر بہتر ہے ہزار مہینوں سے اپنے پروردگار کے حکم سے اس شب میں ملائکہ

وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ سَلٰمٌ ھُوَ

اور روح نازل ہوتے ہیں یہ شب عابدوں کے لئے ہر امر میں باعثِ سلامتی ہے

هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ہ

یہاں تک کہ طلوع صبح ہو۔

پھر اللہ اکبر کہہ کر رکوع میں جائے اور تین مرتبہ سُبْحَانَ

رَبِّيَ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ کہے۔ یعنی تسبیح کرتا ہوں میں اپنے پروردگار

بزرگ کی اور حمد اس کی۔ پھر سیدھا کھڑا ہو اور سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ

حَمِدَهٗ کہے۔ (خداوند عالم اس کا کلام سنتا ہے جو اس کی حمد کرتا ہے)

پھر اللہ اکبر کہہ کر سجدے میں جائے اور تین مرتبہ کہے۔
سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی وَبِحَمْدِہٖ (یعنی) تسبیح کرتا ہوں اپنے
پروردگار کی جو سب سے زیادہ بزرگ ہے۔ اور حمد اس کی)۔
بعد اس کے سر اٹھائے اور اللہ اکبر کہہ کر بیٹھے اور ایک مرتبہ
اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ
(بخشش چاہتا ہوں اپنے پروردگار سے اپنے گناہوں کی) کہے۔ پھر
اللہ اکبر کہے اور دوبارہ سجدے میں جائے اور تین بار کہے
سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی وَبِحَمْدِہٖ
اور سجدے سے سر اٹھائے۔ پھر اللہ اکبر کہے اور بیٹھے۔ بعد اس کے
بِحَوْلِ اللّٰہِ وَقُوَّتِہٖ اَقُوْمُ وَاَقْعُدُ (یعنی)
(اسی اللہ کی قوت اور مدد سے کھڑا ہوتا ہوں اور بیٹھتا ہوں)
کہہ کر سیدھا کھڑا ہو۔ (رکعت اوّل تمام ہوئی)

رکعت دوم

مثل رکعت اوّل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہہ کر سورۂ
حمد پڑھے اس کے بعد سورۂ قل ہو اللہ احد پڑھے۔
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ

کہہ دو اے رسول کہ اللہ ایک ہے۔ اور وہ بے نیاز ہے کوئی اس سے

وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

پیدا نہیں ہوا اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ کوئی اس کا مثل ہے۔

اس کے بعد دونوں ہاتھوں کو منہ کے برابر اٹھائے اور

دعائے قنوت پڑھے۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ

اے ہمارے پالنے والے قیامت کے دن ہمکو اور ہمارے والدین اور

يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ط اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا

تمام مومنین کو بخش دے۔ پروردگار ہماری اور تمام

وَارْحَمْنَا وَعَافِنَا وَاعْفُ عَنَّا فِي الدُّنْيَا

مومنین کی بخشش کر اور دنیا و آخرت میں عافیت عطا فرما

وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

بہ تحقیق کہ تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

اس کے بعد درود پڑھے اور مثل رکعت اول کے رکوع اور

دونوں سجدے بجالائے۔ جب سجدے سے سر اٹھائے تو

اللہ اکبر کہہ کر دو زانو بیٹھے اور تشہد پڑھے۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ

گواہی دیتا ہوں کہ کوئی خدا سوائے اللہ کے نہیں ہے خدا ایک ہے اور اس کا کوئی شریک

لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدً عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ

نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد مصطفٰے اس کے بندے اور رسول ہیں۔

اس کے بعد درود پڑھے اگر نماز دو رکعتی ہے تو یوں سلام پڑھے:۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

اے پیغمبر خدا۔ آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ

سلام ہو ہم پر اور خدا کے نیک بندوں پر اور سلام ہو

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

سب پر اور اللہ کی رحمت اور برکت۔

اگر نماز ۳ رکعتی ہو یا چار رکعتی تو سلام نہ پڑھے۔ اور تشہد پڑھ کر کھڑا ہو اور فقط سورۂ حمد یا ایک مرتبہ یہ تسبیح اربعہ:۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ پاک وپاکیزہ ہے اور تمام تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی عبادت کے

تین مرتبہ پڑھکر ایک مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ (میں اللہ سے اپنے گناہوں کی بخشش چاہتا ہوں) پڑھے اور رکوع اور دونوں سجدے مثلِ سابق بجالائے۔ پس اگر نماز سہ رکعتی ہے تو بعد تیسری رکعت کے اور اگر چار رکعتی ہے تو بعد چوتھی رکعت کے تشہد اور سلام پڑھ کر نماز تمام کرے۔ پھر تین مرتبہ "اللہ اکبر" ہاتھوں کو کانوں تک لے جاکر کہے۔ اس کے بعد دُرود اور تسبیح جناب سیدہ صلوٰۃ اللہ علیہا ۳۴ مرتبہ "اللہ اکبر" اور ۳۳ مرتبہ "الحمد للہ" اور ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ پڑھے۔

اس کے بعد دعائیں اور قرآنِ مجید اور جوشنین وغیرہ پڑھے۔ اور بواسطۂ پنجتنِ پاک اور دوازدہ امام برادرانِ مومن زندہ اور مردہ کے لئے دعائے خیر کرے اور اپنی حاجتیں خدا سے طلب کرے اور اس کے بعد زیارتِ امام حسینؑ علیہ السلام روضۂ اقدس کی طرف اشارہ کر کے پڑھے۔

زیارت

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا ابْنَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَابْنَ سَیِّدِ الْوَصِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا ابْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ سَیِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

اس زیارت سے فارغ ہو کر وائیں طرف کو ذرا مڑ کر اور مشہدِ مقدس کی طرف رُخ کر کے زیارت امام رضا علیہ السّلام انگشتِ شہادت سے اشارہ کر کے پڑھے :-

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا غَرِیْبَ الْغُرَبَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا مُعِیْنَ الضُّعَفَآءِ وَالْفُقَرَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَنِیْسَ النُّفُوْسِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا الْمَدْفُوْنُ بِاَرْضِ طُوْسٍ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

پھر قبلہ رُو ہو کر زیارت جناب صاحب العصر والزمان عجل اللہ فرجہ اس طرح پڑھے :-

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صَاحِبَ الْعَصْرِ وَالزَّمَانِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَلِيفَةَ الرَّحْمَانِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اِمَامَ الْاِنْسِ وَالْجَانِّ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا قَاطِعَ الْكُفْرِ وَالطُّغْيَانِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا دَافِعَ الظُّلْمِ وَالْعُدْوَانِ
عَجَّلَ اللّٰهُ فَرَجَكَ وَسَهَّلَ اللّٰهُ مَخْرَجَكَ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ۔

واجباتِ نماز

یعنی وہ افعال جن کے ترک کرنے سے نماز باطل ہوتی ہے

۱۔ قیامِ مطلق : ________ !
۲۔ نیت : ________ !
۳۔ تکبیرۃ الاحرام : ________ !
۴۔ قرأتِ حمد : ________ !
۵۔ قرأتِ سورۂ دیگر : ________ !
۶۔ رکوع : ________ !
۷۔ سجود : ________ !

۸- ذکرِ رکوع و سجود : ______________ !

۹- تشہد : ______________ !

۱۰- صیغہ سلام کا : ______________ !

۱۱- ترتیب : ______________ !

۱۲- موالات : ______________ !

مُبطلاتِ نماز

(یعنی وہ چیزیں جو نماز کو باطل کرتی ہیں)

۱- حدث : یعنی شکستہ وضو و غسل

۲- استدبار : یعنی رُو گردانی قبلہ سے

۳- تکفیر : یعنی بلا موقعہ تقیہ کے ہاتھ باندھ کر نماز پڑھنا

۴- کلام :

۵- خندہ : یعنی قہقہہ مار کر ہنسنا یا مُسکرانا۔

۶- رونا : بلاخوفِ خدا کے۔

۷- فعلِ ماحی الصلوٰۃ : یعنی ایسا فعل جو انسان کو صورتِ نماز گزار سے باہر کر دے

۸- کھانا :

۹- پسینا :-

۱۰- آمین کہنا :

۱۱- شکِ مبطل درمیان رکعتوں کے

۱۲- کمی یا بیشی رکن کی عمداً یا سہواً اور غیر رکن کی عمداً

شکیاتِ نماز

اگر دو رکعتی نماز مثلاً صبح یا سہ رکعتی نماز مثلاً مغرب یا چار رکعتی نماز کی اوّل دو رکعتوں کے درمیان شک ہو اور ذرا تامل سے شک رفع نہ ہو تو نماز باطل ہے اور نئے سرے سے نماز پڑھنا لازم ہے۔

اور اگر چار رکعتی میں رکوع سے پہلے یا دونوں سجدے کامل کرنے سے پہلے یہ شک ہو کہ یہ دوسری رکعت ہے یا تیسری تو بھی ہر دو صورت میں نماز باطل ہے۔ اور اگر یہی شک سجدہ کامل کرنے کے بعد ہو تو اس صورت میں نماز صحیح ہے اور اس کو تیسری رکعت سمجھ کر نماز ختم کرے بعد ازاں دو رکعت بیٹھ کر یا ایک رکعت کھڑے ہو کر پڑھے اور نیت کرے کہ "نمازِ احتیاط پڑھتا ہوں قربۃً الی اللہ" اس نماز میں صرف

سورۂ حمد آہستہ پڑھی جاتی ہے، دوسری سورت اور قنوت کچھ
نہیں، باقی سب اعمال بدستور ہیں۔ اگر قبل رکوع یا قبل اکمالِ
سجد تین دو اور چار میں شک ہو تو بھی نماز باطل ہے اور سجدوں
کی تکمیل کے بعد یہ صورت واقع ہو تو چار پر بنا رکھے یعنی چوتھی
رکعت سمجھ کر نماز تمام کرے۔ پھر دو رکعت نمازِ احتیاط
صرف سورۂ حمد کے ساتھ بغیر قنوت کھڑے ہو کر پڑھے اگر
تین اور چار کے درمیان شک ہو خواہ کسی حالت میں ہو
چار پر بنا رکھ کر نماز ختم کرے۔ پھر دو رکعت نمازِ
احتیاط مذکور بیٹھ کر یا ایک رکعت کھڑے ہو کر پڑھے۔
صورت اوّل بہتر ہے اور اگر چار یا پانچ کے درمیان شک ہو
اگر قبل از رکوع ہے تو اسی وقت بیٹھ جائے۔ اور تشہد
اور سلام پڑھ کر نماز ختم کرے۔ ایک رکعت کھڑے ہو کر
یا دو رکعت بیٹھ کر نماز احتیاط بجالائے اور دو سجدے
سہو کے بھی بجالائے اور اگر شک کے وقت تسبیحات اربعہ
یا سورۂ حمد شروع کر چکا ہے تو دو سجدے سہو کے اور بھی کرے
اور اگر رکوع کے بعد اور سجدوں کے درمیان چار یا پانچ میں شک
ہو تو چار پر بنا رکھ کر نماز کو ختم کرے بعد ازاں دو سجدے

کرے اور پھر احتیاطاً نماز کا اعادہ بھی کرے اور اگر سجدے کے بعد چار اور پانچ میں شک ہو تو اسی طرح بیٹھا رہے۔ اور تشہد اور سلام پڑھ کر نماز تمام کرے اور سجدے سہو کے بجالائے۔ نماز صحیح ہے اور اعادہ کی ضرورت نہیں۔

اِحکامِ سہویات

(سہویات کی چند قسمیں ہیں)

۱۔ "طہارت میں سہو ہو"۔ مثلاً ایک شخص اپنے آپ کو باوضو خیال کر کے نماز پڑھنے لگے اور اثنائے نماز میں یاد آجائے کہ وضو نہ تھا تو اس کی نماز باطل ہے اور غسل اور تیمم کا بھی یہی حکم ہے۔

۲۔ "نجاست کے دُور کرنے میں سہو ہو"۔

مثلاً میرا بدن اور لباس نجس تھا نماز باطل ہے۔

۳۔ "قبلہ میں سہو ہو"۔

پس اگر نماز پڑھتے ہوئے تحقیق ہو جائے کہ جتنی نماز

پڑھی ہے وہ پشت بہ قبلہ یا اس سے دائیں یا بائیں رُخ
کرکے پڑھی ہے نماز باطل ہے۔

۴۔ "مکان میں سہو ہو"

مثلاً ایک جگہ کو مباح سمجھ کر نماز شروع کی۔
اثنائے نماز میں معلوم ہوا کہ وہ جگہ غصبی ہے اس حالت
میں اگر کوئی امرِ مبطل نماز بجالائے بغیر مکانِ مباح
میں جا سکتا ہو تو وہاں چلا جائے اور باقی نماز وہاں
جاکر تمام کرے۔ اور اگر ممکن نہ ہو تو نماز توڑ دے
اور مباح مکان میں جاکر از سرِ نو نماز پڑھے۔

۵۔ "لباس میں سہو ہو"

پس اگر نماز میں معلوم ہو جائے کہ لباس ایسی
چیز کا بنا ہوا ہے کہ جس میں نماز پڑھنا جائز نہیں ہے اور
اس کے پہلے خبر نہ تھی اب اگر وہ کسی امرِ مبطل نماز کو بجالائے
ہوئے بغیر اس لباس کو اتار سکتا ہے تو اتار کر باقی نماز
تمام کرے۔ اور اگر نہ اتار سکتا ہو تو نماز قطع کرکے
از سرِ نو بے عیب لباس پہن کر نماز شروع کرے۔
اگر سہواً نماز میں کمی ہو جائے اور بعد میں یاد آئے اگر وہ رکن ہے

اور وہ ابھی دُوسرے رکن میں داخل نہیں ہوا ہو تو واپس ہو کر اس رکن کو بجا لائے۔ اور اگر دوسرے رکن میں داخل ہو چکا ہے تو نماز باطل ہے اور اگر وہ گم شدہ جزو رکن نہیں ہے اور ابھی اس کے بجا لانے کا موقع ہے تو اس کو بجا لائے۔ اور اگر موقع گزر گیا تو کچھ ہرج نہیں ہے۔ اور اگر زیادتی ہو جائے اور وہ زیادتی رکن ہے تو نماز باطل ہے۔ اور اگر رکن نہیں ہے تو نماز باطل نہیں ہے۔ بعد نماز دو سجدے سہو کے کرے۔

"نمازِ احتیاط"

جس کسی نماز میں شک واقع ہوا اس کا سلام پڑھنے کے بعد باوضو نیت کرے کہ میں دو رکعت بیٹھ کر یا ایک رکعت کھڑے ہو کر نماز احتیاط فلاں کمی کے واسطے پڑھتا ہوں یا پڑھتی ہوں واجب قربۃً الی اللہ پھر تکبیر کہہ کر نماز شروع کر دے۔

نوٹ:۔ ۱۔ ہر رکعت میں سورۂ حمد پڑھے۔

۲- قنوت نہ پڑھے۔

۳- تمام نماز آہستہ پڑھے۔

۴- باقی نماز بدستور ہے۔

"سجدۂ سہو"

اوّل نیت کرے سجدۂ سہو کرتا ہوں میں بوجہ فلاں شک کے۔ قربۃً الی اللہ پھر اللہ اکبر دو سجدے نماز کی طرح بجالائے۔ مگر سجدوں میں یہ ذکر کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

دونوں سجدے کر کے بیٹھے اور تشہد پڑھے اور سلام میں صرف آخری سلام اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ۔ پڑھے۔

مرد اور عورتوں کی نماز میں فرق	
مرد	**عورت**
۱- صبح اور مغرب عشاء کی پہلی دو رکعت مع ذکر رکوع و سجود بآوازِ بلند مع بسم اللہ پڑھے اور باقی آہستہ پڑھے۔	ہر نماز پوری آہستہ آہستہ پڑھنا چاہیے۔
۲- دونوں ہاتھوں کی اُنگلیاں ملا کر حالتِ قیام میں زانو پر رکوع میں گھٹنے پر سجدے میں منہ کے سامنے کہنیاں اُونچی کرکے پھیلا کے رکھے۔	دونوں ہاتھوں کو قیام میں سینے پر اور رکوع میں گھٹنے سے اُوپر سجدے میں منہ کے سامنے زمین اور بدن سے ملا کے رکھے
۳- بحالت قیام دونوں پاؤں میں فاصلہ تین انگل سے کم اور ایک	دونوں پاؤں جوڑ کر کھڑی ہو

عورت	مَرد
	بالشت سے زیادہ نہ ہو۔
دونوں گھٹنے کھڑے کر کے چوتڑوں کے بَل بیٹھے۔	۴۔ دوزانو دونوں پاؤں باہر نکال کر داہنے پاؤں کی پُشت بائیں پاؤں کے تلوے سے مِلا کے رکھے۔
پہلے بیٹھ جائے تب سجدے میں جائے۔	۵۔ سجدے میں جانے کے وقت پہلے ہاتھوں کو زمین پر رکھے۔

طریقِ نمازِ جماعت

نمازِ جماعت ایک امام اور ایک ماموم (یعنی پیچھے نماز پڑھنے والا) صرف دو آدمیوں سے بھی ہوسکتی ہے۔ نیّت اس طرح کرے:۔

"نماز پڑھتا ہوں میں اتنی رکعت پیچھے اس اِمام یا پیش نماز کے ادائے واجب قربۃً الی اللہ"۔

مگر ماموم یہ نیّت امام کی نیّت کے بعد کرے۔ ماموم کو چاہیئے کہ پہلی اور دوسری رکعت میں حمد و دیگر سورہ خود نہ پڑھے بلکہ امام کے پڑھنے کو سُنتا رہے اگر کِسی وجہ سے اِمام کی آواز نہ سنائی دیتی ہو تو آہستہ آہستہ صرف سبحان اللہ سبحان اللہ پڑھتا رہے۔ باقی رکوع اور سجدوں کے تمام اُمور امام کے پیچھے بجالاوے۔ اگر ماموم کسی وجہ سے پہلی رکعت میں شامل نہ ہوسکا اور دوسری رکعت میں قبل از رکوع شامل ہوا ہے۔ تو

جس وقت امام تشہد پڑھے تو ماموم کو چاہیے کہ زانوؤں کو زمین سے اٹھا کر اور ہاتھوں کو زمین پر ٹیک کر چپ بیٹھا رہے۔ اور تشہد بہ نیت متابعت پڑھتا رہے۔ اور جب امام کھڑا ہو تو ماموم کو بھی ساتھ ہی کھڑا ہونا چاہیے۔ تیسری رکعت میں جب امام سلام ادا کرے تو ماموم کو چاہیے کہ سلام شروع کرنے کے عین اس وقت پر اٹھ کر اپنی تیسری رکعت ادا کرے اگر نماز چار رکعتی ہو تو جب امام تیسری رکعت پڑھ کر اٹھے تو ماموم جلدی سے تشہد ادا کر کے امام کے ساتھ قیام میں شامل ہو جائے۔ کیونکہ رکوع اور سجدوں کی حالت میں امام کے ساتھ شامل ہونا ضروری ہے۔

"نمازِ عیدین"

عید اور بقر عید کی ۲ دو رکعت نماز دن چڑھے سے دوپہر تک پڑھنی چاہیے۔ اِن دونوں نمازوں کے شرائط میں بھی مثل نماز جمعہ کے اختلاف ہے۔

"نمازِ عیدین کی ترکیب"

صرف تین مرتبہ الصَّلوٰۃ کہے اور قبلہ رُخ کھڑے ہو کر نیّت کرے کہ دو رکعت نماز عید فطر یا عید اضحیٰ کی پڑھتا ہوں سُنت قربتہً الی اللہ اس کے ساتھ ہی اللہ اکبر کہہ کر سُورہ حمد اس کے بعد یہ سُورہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۝ الَّذِىْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۝
وَالَّذِىْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۝ وَالَّذِىْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۝
فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ۝ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۝ اِلَّا
مَا شَآءَ اللّٰهُ ۝ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۝
وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۝ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۝
سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۝ الَّذِىْ
يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۝ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا
يَحْيٰى ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۝ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ
فَصَلّٰى ۝ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ وَالْاٰخِرَةُ
خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝ اِنَّ هٰذَا لَفِى الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۝

صُحُفِ اِبْرَاهِیْمَ وَمُوْسٰی ○

پھر تکبیر کہہ کے ہاتھوں کو منھ کے برابر اٹھا کے یہ دعائے قنوت پڑھے۔

"دُعَائے قنوت"

اَللّٰھُمَّ اَھْلَ الْکِبْرِیَاءِ وَالْعَظَمَۃِ وَاَھْلَ الْجُوْدِ وَالْجَبَرُوْتِ وَاَھْلَ الْعَفْوِ وَالرَّحْمَۃِ وَاَھْلَ التَّقْوٰی وَالْمَغْفِرَۃِ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ ھٰذَا الْیَوْمِ الَّذِیْ جَعَلْتَہٗ لِلْمُسْلِمِیْنَ عِیْدًا وَلِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ ذُخْرًا وَکَرَامَۃً وَشَرَفًا وَمَزِیْدًا اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تُدْخِلَنِیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ اَدْخَلْتَ فِیْہِ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تُخْرِجَنِیْ مِنْ کُلِّ سُوْءٍ اَخْرَجْتَ مِنْہُ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ صَلَوَاتُکَ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِہٖ عِبَادُکَ الْمُخْلِصُوْنَ۔

پھر تکبیر کہہ کر اسی قنوت کو پڑھے اور ہر تکبیر کے بعد قنوت کہتا جائے جبکہ پانچ قنوت اور پانچ تکبیریں پوری ہو جائیں تو رکوع و سجود

مثلِ نماز صبح کے بجالائے۔ پھر دوسری رکعت کے واسطے
بِحَوْلِ اللهِ وَقُوَّتِهٖ اَقُوْمُ وَاَقْعُدُ کہہ کر سیدھا کھڑا
ہو۔ اور بعد سورہ حمد کے یہ سورہ پڑھے:۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا
وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا
وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا
وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا
وَتَقْوٰهَا قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا وَقَدْ خَابَ
مَنْ دَسّٰهَا كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰهَا اِذِ انْۢبَعَثَ
اَشْقٰهَا فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ
وَسُقْيٰهَا فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا فَدَمْدَمَ
عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰهَا
وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا۔

پھر چار مرتبہ بطریقِ سابق قنوت پڑھے اور اسی طرح
ہر قنوت کے بعد تکبیر کہتا جائے جب چار قنوت اور چار تکبیریں پوری
ہو جائیں تب رکوع و سجود و تشہد و سلام مثلِ نماز صبح کے پڑھ کر

تمام کرے۔

اسی طرح بقرعید کی نماز پڑھنا چاہیے اور اس روز غسل کرنا اور زیارت امام حسین پڑھنا سنت مؤکدہ ہے۔ اور زیر آسمان غسل نہ کرے۔ اور پیش از غسل یہ دعا پڑھے:۔

اَللّٰهُمَّ اِيْمَانًا بِكَ وَتَصْدِيْقًا بِكِتَابِكَ وَاِتِّبَاعَ سُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ۔

پس بسم اللہ کہہ کر غسل کرے اور بعد فراغ یہ کہے:۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ كَفَّارَةً لِذُنُوْبِيْ وَطَهِّرْ دِيْنِيْ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّيَ الدَّنَسَ۔

اِحکامِ میّت

جب کسی شخص کی موت کا وقت قریب ہو تو وہاں موجود لوگوں پر واجب ہے کہ مرنے والے کو مرد ہو یا عورت۔ لڑکا ہو یا جوان، قبلہ رُخ اس طرح چت لٹادیں کہ اس کا منھ اور پیر کے دونوں تلوے قبلہ کی طرف رہیں۔

"غسلِ مسِ میّت"

آدمی کا مردہ یا جسم کا ٹکڑا۔ ہڈی دار یا بے ہڈی کا زندہ سے وہ ٹکڑا جدا کیا گیا ہو یا مُردہ سے۔ ٹھنڈا ہونے کے بعد اور مسلم کا مردہ غسل کے پہلے چھونے سے غسل واجب ہوتا ہے اس غسل کے بعد نماز وغیرہ کے لئے وضو کرنا لازم ہے۔

"تصریح"

مُردہ کا جزو جس میں جان نہیں ہوتی جیسے بال۔ ناخن،

دانت چھونے سے یا مُردہ کے بدن کی کسی بے جان چیز کو چھونے سے غسل واجب نہیں ہوتا۔ لبعض علماء نے جیسے سرکار مرزا محمد کاظم صاحب طباطبائی نے فرمایا غسل کرنا احوط ہے۔

غسلِ میت

مسلمان کے مُردے کو غسل دینا واجب ہے بلکہ سینہ یا محض ہڈی یا بدن کا ایسا ٹکڑا جس میں سینہ کی یا دوسری ہڈی لگی ہو۔ یا چار مہینہ سے زیادہ کا حمل گر گیا ہو ان سب کو تین غسل دینا واجب ہے۔

۱۔ بیر کے پانی سے : ________________ !

۲۔ کافور کے پانی سے : ________________ !

۳۔ خالص پانی سے : ________________ !

غُسل کی ترکیب

پہلے میت کے سارے جسم کی نجاست بلکہ میل وغیرہ کو بھی بلیسن سے آہستہ آہستہ مَل کر چھڑائے اس کے بعد بدن پاک کرے۔ اس کے بعد بیر کی تھوڑی پتی کچل کر پانی میں ملائے اور نیت کرے کہ

اس میت کو غسل دیتا ہوں میں آب سدر سے واجب قربۃً الی اللہ

اس کے بعد اسی پانی سے پہلے میت کا سر گردن دھوئے۔ پھر ذرا کروٹ کر کے اس کے داہنی طرف کو گردن سے پیر کی طرف انگلیوں تک پھر اسی طرح بائیں جانب کو اچھی طرح سے دھوئے۔ اس کے بعد دوسرے خالص پانی میں تھوڑا سا کافور منگا کر پھر نیت کرے کہ غسل میت دیتا ہوں آب کافور سے واجب قربۃً الی اللہ اور اس پانی سے بھی اسی طرح غسل دے۔ اس کے بعد خالص پانی سے اسی طرح غسل دے۔

"طریقہ حنوط"

مردہ کو غسل دینے کے بعد اس کے ساتوں مقام سجدہ یعنی دونوں پیر کے انگوٹھے، دونوں گھٹنے اور پیشانی اور دونوں ہتھیلیوں پر مع انگلیوں کے (اگر یہ اعضاء موجود ہوں) کافور ملنا واجب ہے بشرطیکہ وہ مردہ شہید اور حالت احرام میں نہ مرا ہو۔

قاعدہ کفن

میت کو مرد کی ہو یا عورت کی تین کپڑے دینا واجب ہے،

پیراہن، لنگی، چادر، مگر مرد کی میت کو علاوہ ان واجبی کپڑوں کے ایک ران پیچ اور ایک عمامہ اور چادر۔

عورت کی میت کو ایک ران پیچ اور مقنعہ اور سینہ بند اور اوڑھنی اور چادر دینا مستحب ہے۔

بردیمانی دینا دونوں کے لئے مستحب ہے۔

تصریح

مرد کو مرد اور عورت کو عورت غسل دے اور کفن پہنائے، مگر عورت اپنے شوہر کو اور مرد اپنی زوجہ کو غسل و کفن دے سکتا ہے

کفن پہنانے کا طریقہ

(مرد کے مردہ کو) پہلے چادر بچھا دیں۔ اس کے اوپر پیراہن گریبان کو پھاڑ کر آدھا بچھا دیں۔ اور آدھا سر کی جانب نکلا رہنے دیں۔ پھر نصف چادر سے نیچے پیر کی جانب لنگی بچھا دیں۔ اور اس لنگی کا ایک سرا جو کمر سے متصل رہے گا۔ طول میں پھاڑ دیں تاکہ کمر میں بندھ جائے۔ پھر ان کپڑوں پر میت کو لٹا کر لنگی کا سرا جو پھٹا ہوا ہے پہلے کمر میں اس طرح باندھیں کہ وہ گرہ ناف پر

پڑے ۔ اس کے بعد شرم گاہ پر میت کے اچھی طرح روئی رکھ کر دوسرا سِرا اس لنگی کا اس بندھی ہوئی گرہ سے اس طرح نکالیں کہ مثل لنگوٹ کے ہو جائے اور روئی نہ گِرنے پائے ۔ اس کے بعد دونوں پیروں کو مِلا کر اس لنگی سے لپیٹ دیں، بعدہٗ پیراہن جو سر کی جانب نکلا ہے پہنا دیں ۔ اگر عمامہ ہے تو سر پر باندھ کر دونوں سرے اس کے سینہ پر ڈال دیں ۔ اور جریدتین یعنے دو لکڑیاں چھوٹی چھوٹی بیر کی یا خرمے کی یا بید شاخِ تازہ مل جائے شہادتین لکھ کر اس پر روئی لپیٹ کر ایک داہنی طرف جسم سے مِلا کر ہنسلی سے بغل کے نیچے کمر تک اور دوسری بائیں جانب پیراہن کے اُوپر بغل میں رکھیں اس کے بعد چادر دونوں طرف سے لپیٹ کر سر اور پیر اور کمر کے پاس باندھیں تاکہ علیحدہ نہ ہو جائے۔

عورت کے مُردہ کو پہلے سینہ بند باندھ کر پیراہن پہنائیں اور مقنعہ کے بعد اوڑھنی اس کے بعد چادر ۔

نمازِ میت

جنازہ کو اس طرح رکھیں کہ سر اس کا نماز پڑھنے والے کے داہنی جانب اور پیر بائیں جانب رہیں ۔

اگر عورت کی میت ہے تو پیش نماز سینہ کے مقابل درنہ کمر کے مقابل کھڑا ہو۔ نیت کرے کہ اس میت پر نماز پڑھتا ہوں واجب قربۃً الی اللہ" ساتھ ہی اس کے تکبیر کہے ایک مرتبہ۔

اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَرْسَلَهٗ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَنَذِيْرًا بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ۔

پھر اللہ اکبر کہہ کر ایک مرتبہ کہے :۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ۔

پھر کہے :۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ تَابِعْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ بِالْخَيْرَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ

عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

پھر اللہ اکبر کہہ کر اگر میت ہو تو یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذَا عَبْدُکَ وَابْنُ عَبْدِکَ وَابْنُ اَمَتِکَ نَزَلَ بِکَ وَاَنْتَ خَیْرُ مَنْزُوْلٍ اَللّٰھُمَّ اِنَّا لَا نَعْلَمُ مِنْہُ اِلَّا خَیْرًا وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنَّا اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِیْ اِحْسَانِہٖ وَاِنْ کَانَ مُسِیْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْہُ وَاغْفِرْ لَہٗ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ عِنْدَکَ فِیْ اَعْلٰی عِلِّیِّیْنَ وَاخْلُفْ عَلٰی اَھْلِہٖ فِی الْغَابِرِیْنَ وَارْحَمْہُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔ اگر میت عورت کی ہے تو اس دعا کو یوں پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذِہٖ اَمَتُکَ وَابْنَۃُ عَبْدِکَ وَابْنَۃُ اَمَتِکَ نَزَلَتْ بِکَ وَاَنْتَ خَیْرُ مَنْزُوْلٍ بِھَا اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعْلَمُ مِنْھَا اِلَّا خَیْرًا وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِھَا مِنَّا اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَتْ مُحْسِنَۃً فَزِدْ فِیْ اِحْسَانِھَا وَاِنْ کَانَتْ مُسِیْئَۃً فَتَجَاوَزْ عَنْھَا وَاغْفِرْ لَھَا اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا عِنْدَکَ فِیْ اَعْلٰی عِلِّیِّیْنَ وَاخْلُفْ عَلٰی اَھْلِھَا فِی الْغَابِرِیْنَ وَارْحَمْھَا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔ اگر میت نابالغ کی ہے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لِاَبَوَیْہِ وَلَنَا سَلَفًا وَفَرَطًا وَّ اَجْرًا

تشریح

میت کی تجہیز و تکفین وغیرہ اس کا وارثِ قریب کرے یا اس کی اجازت سے غیر شخص۔ اگر کوئی وارث نہ ہو تو مومنین کو اختیار ہے۔ چار مہینے کا حمل گر جائے تو اس کو ایک کپڑے میں لپیٹ کر بغیر غسل و نماز کے دفن کر دینا واجب ہے۔ چھ برس یا چھ برس سے زائد کا لڑکا مر جائے تو اسکی نمازِ جنازہ واجب ہے۔ اس سے کم کی مستحب۔

ثوابِ نمازِ جنازہ

جنابِ رسولِ خدا سے مروی ہے کہ جو شخص میت پر نماز پڑھے تو اس پر ہزار فرشتے نماز پڑھیں گے اور سب گناہ اس کے بخشے جاتے ہیں۔ اگر اس وقت موجود رہے کہ میت کو قبر میں رکھیں اور مٹی ڈالیں پس جو قدم اٹھائے گا۔ لکھا جائے گا۔ ثواب مثل کوہِ اُحد کے اور حق تعالٰی بہشت کو اس پر واجب کرتا ہے۔ بشرطیکہ منافق اور عاق الوالدین نہ ہوں۔

کاندھا دینے کا طریقہ

جنازہ اٹھانے والوں کا رُخ میّت کے سر کی جانب ہونا چاہیئے۔ ایک آدمی میّت کے داہنے شانے کو اور دوسرا آدمی اس کے داہنے پیر کو اپنے کاندھے پر اٹھائیں اسی طرح دُو آدمی میّت کے بائیں شانے کو اور دوسرا میّت کے بائیں پیر کو اپنے اپنے بائیں کاندھے پر اٹھائیں۔ چند قدم لے جانے کے بعد جو آدمی میّت کے داہنے شانے کو اٹھائے ہو میّت کے داہنے پیر کی جگہ آجائے۔ اور وہاں کا آدمی بائیں پیر کی جگہ اور وہاں کا آدمی میّت کے بائیں شانے کی جگہ، اور یہاں کا آدمی میّت کے پائینتی سے ہوکر اس کے داہنے شانے کی جگہ چلا جائے۔ اسی طرح برابر کاندھا بدلتے ہوئے قبر تک لے جائیں۔

طریقۂ دفن

میّت کو زمین میں اس طرح چھپانا کہ درندوں، اور بدبو پھیلنے سے محفوظ رہے۔ واجب ہے۔ اور قبر کو قدِ آدم یا گلے

